پریس ریلیز

گوجرانوالہ 10 مئی 2023ء

آل پاکستان سٹین لیس سٹیل امپورٹرز اینڈ ٹریڈر ایسوسی ایشن سے اتحاد گروپ نے گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس کے صدر شیخ فیصل ایوب اور چیئر مین اتحاد گروپ خواجہ حماد رمضان کے اعزاز میں عید ملن پارٹی کا اہتمام کیا۔اس موقع پر صدر اتحاد گروپ عرفان یعقوب ،گوجرانوالہ چیمبر کے سابق صدور اخلاق احمد بٹ، محمد شعیب بٹ، سابق سینئر نائب صدر عرفان سہیل کے علاوہ دیگر کاروباری شخصیات موجود تھیں۔اس موقع پر صدر گوجرانوالہ چیمبر شیخ فیصل ایوب نے ملک میں کاروباری صورتحال پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ گوجرانوالہ پاکستان کا چوتھا بڑا صنعتی شہر ہے۔اس صنعتی شہر میں 34 بزنس کلسٹرز موجود ہیں جو اپنے نامساعد کاروباری حالات کے باوجود لاکھوں افراد کو روزگار مہیا کر رہے ہیں۔ یہاں کی صنعتی مصنوعات کوالٹی کے اعتبار سے پوری دنیا میں الگ پہچان رکھتی ہیں۔سابق وفاقی وزیر نے اس شہر کو(سٹی آف انجینئرنگ) کا خطاب بھی دیا۔گوجرانوالہ میں 30 ہزار کے لگ بھگ چھوٹی، بڑی اور درمیانے درجے کی صنعتیں قائم ہیں ۔یہاں کی بزنس کمیونٹی تقریبا 45 ارب روپے مختلف ٹیکسوں کی مد میں حکومتی خزانے میں جمع کروا کر ملکی معیشت کو مستحکم بنا رہے ہیں۔لیکن اس وقت کاروباری حالات خراب ہو رہے ہیں جس کا براہ راست اثر عوام پر پڑے گا جو پہلے ہی مہنگائی کی چکی میں پس رہی ہے۔حالات کے تقاضہ ہے کہ تمام سیاسی جماعتیں ملکی مفاد کی خاطر ایک پیج پر ہوں اور ایسے اقدامات کریں جس سے ملک میں کاروباری ماحول سازگار ہو لوگوں کو روزگار ملے اور ملک میں خوشحال آئے۔